Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دار العلوم دیوبند

RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA

Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India

E-Mail: info@darululoom-deoband.com

حوالہ..................      تاریخ..................

**محترم المقام حضرات صوبائی صدور صاحبان رابطہ مدارس اسلامیہ، زید مجدکم!**

**السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!**

امید کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوگا!

آں محترم مکاتب دینیہ کی اہمیت وافادیت سے بخوبی واقف ہیں، عصر حاضر میں اِس کی اہمیت دو چند ہوگئی ہے، مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ کے ذریعہ مجلس عمومی و مجلس عاملہ کی منظور شدہ تجاویز کی روشنی میں ذمہ داران مدارس اور رابطہ مدارس اسلامیہ کے صوبائی شاخوں کے صدور صاحبان کو مسلسل مکاتب دینیہ کے قیام کی طرف توجہ دلائی جاتی رہی ہے، تاہم اس پر خاطر خواہ عمل نہیں ہو رہا ہے۔

اِس وقت تعلیمی سال کے اختتام کے موقع پر اپنے اپنے صوبے میں منظم مکاتب دینیہ کے قیام اور ان کے لیے معلمین ونگراں کے تقرر اور ان کی تربیت کی طرف آپ حضرات کی توجہ مبذول کرانا مقصود ہے، ظاہر ہے کہ یہ امور ارباب مدارس کی خصوصی توجہ اور دل چسپی سے ہی ممکن ہو سکتے ہیں، اس لیے آپ حضرات سے گذارش ہے کہ درج ذیل امور پر بطور خاص توجہ فرمائیں:

(۱) اپنے صوبے کے ذمہ داران مدارس کو اپنے اپنے مدارس کے زیر انتظام مکاتب دینیہ کے قیام کی طرف توجہ دلائی جائے، اور اپنے سالانہ بجٹ کا دس فیصد حصہ مکاتب کے قیام وانتظام میں صرف کرنے کی ترغیب دلائی جائے، مکتب کے لیے معلمین کا تقرر کر کے منظم طور پر صباحی ومسائی تعلیم کا نظم کیا جائے اور مکاتب کی نگرانی کے لیے ایک نگراں کا بھی تقرر کیا جائے جو نصاب تعلیم، طریقۂ تعلیم، حاضری اور دیگر کارکردگی کی نگرانی کرے اور نئے مکاتب کے قیام کی بھی جدوجہد کرے۔

(۲) مکاتب کے معلمین ونگراں حضرات کی تربیت اور معلمین کی تلاش وتربیت کا نظم کیا جائے، اس کے لیے ضروری ہے کہ صوبائی صدور صاحبان اپنے اپنے صوبوں کے بڑے مدارس کے ذمہ داران کو توجہ دلائیں کہ وہ اپنے یہاں سالانہ تعطیل کے موقع پر منتہی درجات (دورۂ حدیث، تکمیل افتاء، تکمیل ادب وغیرہ) کے طلبہ کا اجتماع منعقد کر کے ان کو مکاتب دینیہ کی اہمیت وافادیت پر توجہ دلائیں اور مکتب میں تعلیمی خدمات کی ترغیب دیں، اور خواہش مند فضلاء اور طلبہ کو اس کی ٹریننگ بھی دلائیں۔

دینی تعلیمی بورڈ جمعیۃ علماء ہند کے ذریعہ بھی منظم مکاتب کے قیام اور ان کے معلمین ونگراں حضرات کی تربیت وغیرہ امور سے متعلق خدمات کا سلسلہ جاری ہے، معلمین ونگراں حضرات کی تربیت کے لیے دینی تعلیمی بورڈ کے ذمہ داران سے بھی رابطہ کر کے تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے، دینی تعلیمی بورڈ ممکنہ تعاون کے لیے ہمہ وقت مستعد رہے گا، ان شاء اللہ۔

اسی کے ساتھ یہ گذارش بھی ہے کہ دینی تعلیمی بورڈ جمعیۃ علماء ہند کے ذمہ داران کو آپ کے جس تعاون کی ضرورت ہو، ان کے تعاون میں بڑھ چڑھ کر شریک رہیں، دینی تعلیمی بورڈ کے علاوہ ملک کی دیگر تنظیمیں بھی منظم مکاتب کا نظام چلاتی ہیں، جو مدارس جس سے رہنمائی حاصل کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔

امید ہے مذکورہ بالا امور پر خصوصی توجہ مبذول فرمائیں گے۔

والسلام

(حضرت مولانا مفتی) **ابو القاسم نعمانی** (صاحب دامت برکاتہم)

مہتمم دار العلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ

۱۴۴۵/۷/۲۳ھ = ۲۰۲۴/۲/۵ء

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دار العلوم دیوبند — مرکزی دفتر — Central Office — RABTA MADARIS ISLAMIA, ARABIA DARUL ULOOM, DEOBAND